AQF / Shabbir

16-01-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ شگفتہ یاسمین

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی اسٹارٹ اپ انڈیا پہل کو 10 سال مکمل ہونے کے موقع پر آج نئی دلی میں ایک پروگرام میں شرکت کریں گے۔

2- انتخابی کمیشن نے گوا، لکشدیپ، راجستھان، پدوچیری اور مغربی بنگال میں ووٹر فہرستوں پر خصوصی جامع نظرِ ثانی SIR عمل کیلئے وقت کی حد اِس مہینے کی 19 تاریخ تک بڑھادی ہے۔

3- بھارتی ساحلی محافظ دستے نے بحیرۂ عرب میں بھارت کی آبی حدود کے اندر پاکستان کی ایک کشتی کو عملے کے 9 اہلکاروں کے ساتھ ضبط کیا ہے۔

4- تل ابیب میں بھارتی سفارتخانے نے ایک ایڈوائزری جاری کرکے بھارتی شہریوں سے کہا ہے کہ وہ اسرائیل کا غیر ضروری سفر کرنے سے گریز کریں۔

5- اقلیتوں کے امور سے متعلق وزارت نے سفرِ حج پر جانے سے متعلق ضروری ضابطے کی کارروائی مکمل کرنے کی تاریخ میں 25 جنوری تک توسیع کی ہے۔

6- اور:کرکٹ میں 19 سال تک کی عمر کے کھلاڑیوں کے ICC ورلڈ کپ میں بھارت نے امریکہ کو 6 وکٹ سے ہرا دیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-STARTUP INDIA

وزیراعظم نریندر مودی اسٹارٹ اَپ انڈیا پہل کو 10 سال مکمل ہونے کے موقعے پر آج نئی دلی کے بھارت منڈپم میں ایک پروگرام میں شرکت کریں گے۔ اِس موقعے پر وزیراعظم بھارت کے مضبوط اسٹارٹ اَپ ایکو نظام کے ارکان کے ساتھ گفتگو کریں گے۔ چنندہ اسٹارٹ اَپ نمائندے بھی اپنے کاروباری سفر کے تجربات کے بارے میں جانکاری دیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے: V/C Saklen

16 جنوری 2016 کو وزیرِاعظم نریندر مودی کی جانب سے اسٹارٹ اَپ انڈیا کا آغاز کیا گیا تھا، جو اختراع کو آگے بڑھانے، Enterpreneuship کو فروغ دینے اور سرمایہ کاری پر مبنی ترقی کی خاطر ایک یکسر تبدیلی والا قومی پروگرام تھا۔ اس پہل کا مقصد بھارت کو روزگار تلاش کرنے والا ملک نہیں، بلکہ روزگار پیدا کرنے والا ملک بنانا تھا۔ گزشتہ دہائی میں اسٹارٹ اَپ انڈیا بھارت کی اقتصادی اور اختراعی صورتحال میں انتہائی اہم ثابت ہوا ہے۔ اس عرصے کے دوران بھارت کے اسٹارٹ اپ ایکو نظام میں غیر معمولی اضافہ دیکھنے کو ملا اور ملک بھر میں دو لاکھ سے زیادہ اسٹارٹ اپ کو تسلیم کیا گیا۔ یہ کاروباری ادارے روزگار پیدا کرنے، اختراع پر مبنی اقتصادی ترقی اور مختلف شعبوں میں گھریلو ویلیو چین کو مستحکم کرنے میں اہم محرک ثابت ہوئے ہیں۔ 2030 تک بھارت 73 کھرب ڈالر کی معیشت اور 2047 تک وکست بھارت کی جانب گامزن ہے۔ اِس صورتحال میں اسٹارٹ اَپ ملک کی ترقی کے سلسلے میں مرکزی حیثیت رکھتے ہیں۔

دلّی سے دیپیندر کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں......

## SIR DEADLINE EXTENDED

انتخابی کمیشن نے گوا، لکشدیپ، راجستھان، پدوچیری اور مغربی بنگال میں ووٹر فہرستوں پر خصوصی جامع نظرِ ثانی SIR عمل کیلئے وقت کی حد میں توسیع کی ہے۔ اِس طرح رائے دہندگان اب اِس مہینے کی 19 تاریخ تک اپنے دعوے اور اعتراضات داخل کرسکیں گے۔ اِن ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے اعلیٰ چناوٴ افسروں کو بھیجے گئے مراسلے میں انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ متعلقہ CEOs سے موصولہ درخواستوں اور دیگر عوامل پر غور کرنے کے بعد نئی تاریخ طے کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ انتخابی کمیشن نے اعلیٰ چناوٴ افسروں کو یہ ہدایت بھی دی ہے کہ وہ دعوے اور اعتراضات داخل کرنے کی مدت میں توسیع کے تعلق سے وسیع پیمانے پر تشہیر کو یقینی بنائیں۔x

## NTA JEE MAIN BENGAL

امتحانات کے انعقاد سے متعلق قومی ایجنسی نے فیصلہ کیا ہے کہ جن امیدواروں کو اِس مہینے کی 23 تاریخ کو مغربی بنگال میں مشترکہ داخلہ امتحان JEE (Main) 2026 سیشن وَن کا امتحان دینا تھا، اُن سبھی کو پہلے مشتہر کی گئی تاریخوں میں سے امتحان کی کوئی دوسری تاریخ الاٹ کی جائے گی۔ اِس مہینے کی 23 تاریخ کو ریاست میں سرسوتی پوجا تقریبات کے مدِّنظر یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر امتحانات کے انعقاد سے متعلق ایجنسی نے کہا ہے کہ اُسے اِس فیسٹیول کی

تقریبات کے تعلق سے مغربی بنگال کے امیدواروں کی طرف سے عرضداشتیں موصول ہوئی ہیں۔ x

## MANOHAR LAL ELECTRICITY SUMMIT

بجلی کے محکمے کے مرکزی وزیر منوہر لال نے کہا ہے کہ بھارت نے اپنی نصب شدہ بجلی کی پیداواری صلاحیت کو دوگنی سے زیادہ کرلیا ہے اور یہ 2014 میں 249 گیگاواٹ سے 2025 میں 510 سے زیادہ گیگاواٹ ہوگئی ہے۔ نئی دلّی میں بھارت الیکٹرسٹی سمٹ 2026 سے پہلے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت توانائی کی وافر مقدار کے ایک نئے دور میں داخل ہوگیا ہے، جو بھروسے، رسائی اور پائیداری پر مبنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اَب بجلی پیدا کرنے اور استعمال کرنے والا دنیا کا تیسرا سب سے بڑا ملک ہے۔

S/B Manohar Lal

## IMF

بین الاقوامی مالیاتی فنڈ IMF نے کہا ہے کہ عالمی معیشت کے فروغ کیلئے بھارت کا اہم رول ہے۔ IMF نے کہا ہے کہ تیسری سہ ماہی کے دوران بھارت کی اقتصادی شرح ترقی امید سے کہیں زیادہ مضبوط رہی۔ ایک پریس کانفرنس میں IMF کی محکمۂ مواصلات کی ڈائریکٹر Julie Kozack نے کہا ہے کہ بھارت کی ترقی بدستور مستحکم ہے اور اِس میں اندرونِ ملک کھپت کا اہم رول ہے۔ IMF نے اِس سے قبل مالی سال 2025-26 میں بھارت کی شرح ترقی چھ اعشاریہ چھ فیصد رہنے کا اندازہ لگایا تھا۔x

## PREZ-PUNJAB

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج پنجاب کے جالندھر میں ڈاکٹر بی آر امبیڈکر نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کے ایک ہزار 452 طلباء کو ڈگریاں عطا کریں گی۔ ادارے کے 21 ویں جلسۂ تقسیم اسناد کے موقع پر وہ ایک بلند قومی پرچم اور سائبر سکیورٹی کیلئے مہارت کے دو مراکز کا بھی افتتاح کریں گی۔x

## INDIAN COAST GUARD PAK BOAT

بھارتی ساحلی محافظ دستے نے بحیرۂ عرب میں بھارت کی آبی حدود کے اندر ماہی گیری کے کام آنے والی پاکستان کی ایک کشتی کو عملے کے 9 اہلکاروں کے ساتھ ضبط کیا ہے۔ بھارتی کوسٹ گارڈ کے مطابق المدینہ نام کی پاکستان کی کشتی کو بدھ کے روز بھارتی کوسٹ گارڈ کے ایک بحری جہاز کے ذریعے دیکھا گیا۔ للکارے جانے کے بعد کشتی نے پاکستان کی طرف فرار

ہونے کی کوشش کی۔ البتہ بھارتی کوسٹ گارڈ کے بحری جہاز نے بھارت کی آبی حدود میں اُسے روکا۔ اِس پاکستانی کشتی میں عملے کے 9 اہلکار سوار تھے۔ متعلقہ ایجنسیوں کی مشترکہ پوچھ تاچھ اور کشتی کی تلاشی کے بعد اِسے پوربندر کی بندرگاہ پر لایا گیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر بھارتی کوسٹ گارڈ نے کہا ہے کہ رات میں اُس کی تیزی کے ساتھ اچوک کارروائی سے بھارت کی بحری سرحدوں کی حفاظت کرنے کے اُس کے پختہ عزم کا اعادہ ہوتا ہے۔x

**J&K ATTACHED**

جموں و کشمیر پولیس نے پُنچھ ضلعے میں پاکستان سے اپنی سرگرمیاں چلانے والے دہشت گردوں کے آقا کی غیر منقولہ املاک کو قرق کرلیا ہے۔ منڈی تھانے میں درج کیے گئے ایک کیس کے سلسلے میں عدالت کی ہدایت پر یہ کارروائی کی گئی ہے۔ قرق کی گئی املاک کی مالیت 22 لاکھ روپے سے زیادہ بتائی گئی ہے۔ یہ آراضی Chamber Kanari کے باشندے عبد العزیز کی ہے جو سرِ دست پاکستان میں دہشت گردوں کے آقا کے طور پر کام کر رہا ہے۔ حکام کے مطابق ملزم اِس سے قبل پاکستان اور پاکستان کے قبضے والے کشمیر منتقل ہو گیا تھا۔ اُس وقت سے وہ بھارت کی سیکیورٹی اور اقتدارِ اعلیٰ کے منافی سرگرمیوں میں ملوث رہا ہے۔x

**MAHA-COUNTING**

مہاراشٹر میں Brihanmumbai میونسپل کارپوریشن سمیت 29 میونسپل کارپوریشنوں کیلئے ووٹوں کی گنتی آج ہوگی۔ ووٹوں کی گنتی صبح 10 بجے شروع ہوگی۔ سیکیورٹی انتظامات، ٹریفک کے بندوبست اور امن وقانون کی برقراری کے سلسلے میں سبھی ضروری احتیاطی اقدامات کئے گئے ہیں۔ کُل 15 ہزار 931 امیدوار انتخابی میدان میں تھے۔

BMC، جس کا سالانہ بجٹ 74 ہزار 400 کروڑ روپے سے زیادہ ہے، اس کے ایک ہزار 700 امیدوار چناؤ میدان میں تھے۔ 2022 کے بعد سے، جب اُس وقت شیوسینا میں تقسیم ہوئی تھی اور ایکناتھ شنڈے پارٹی کے زیادہ تر MLAs کے ساتھ علیحدہ ہوگئے تھے اور وزیراعلیٰ بننے کیلئے انہوں نے BJP کے ساتھ اتحاد کرلیا تھا، یہ BMC کا پہلا چناؤ ہے۔ اس وقت ایکناتھ شنڈے نائب وزیراعلیٰ ہیں۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**TRAVEL ADVISORY-ISRAEL**

تل اَبیب میں بھارتی سفارتخانے نے خطے میں موجودہ صورتحال کے پیش نظر بھارتی شہریوں کو اسرائیل کے غیر ضروری سفر سے

گُریز کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ اس کے علاوہ سفارتخانے نے اسرائیل میں اِس وقت موجود سبھی بھارتی شہریوں کو چوکنا رہنے اور اسرائیلی حکام کی جانب سے جاری کیے گئے سلامتی سے متعلق رہنما خطوط اور ضابطوں کی سخت پابندی کرنے کا بھی مشورہ دیا ہے۔ ایمرجنسی کی صورت میں بھارتی شہری، بھارتی سفارتخانے کے 24 گھنٹے ساتوں دن کام کرنے والے ہیلپ لائن نمبروں سے رابطہ کرسکتے ہیں، جو اس طرح سے ہیں: پلس نو سات دو- پانچ چار- سات پانچ دو، صفر سات ایک ایک

پلس نو سات دو- پانچ چار- تین دو سات،آٹھ تین نو دو، وہ cons1.telaviv@mea.gov.in ای میل سے بھی رابطہ قائم کرسکتے ہیں۔x

## UNSC-IRAN MEETING

ایران میں ملک گیر احتجاج میں ہزاروں لوگوں کے مارے جانے کے معاملے پر بڑھتی ہوئی تشویش کے تناظر میں کل رات نیویارک میں اقوامِ متحدہ سلامتی کونسل کا ہنگامی اجلاس ہوا۔ امریکہ نے اِس بحران پر توجہ دینے کیلئے اجلاس طلب کیے جانے پر زور دیا تھا۔x

## HAJ DATE EXTENSION

اقلیتوں کے امور سے متعلق وزارت نے عازمین حج اور دیگر متعلقہ لوگوں کی طرف سے عرضداشتیں موصول ہونے کے بعد سفر حج پر جانے سے متعلق ضروری ضابطے کی کارروائی مکمل کرنے کی تاریخ اِس مہینے کی 25 تاریخ تک بڑھادی ہے۔ مذکورہ عرضداشتوں میں متعلقہ کارروائی مکمل کرنے کیلئے اضافی وقت کی درخواست کی گئی تھی۔

اپنے بیان میں وزارت نے اعلان کیا ہے کہ یک وقتی حتمی توسیع کی منظوری دی گئی ہے۔ اُس نے یہ وضاحت کی ہے کہ کسی بھی حال میں اب یہ تاریخ مزید نہیں بڑھائی جائے گی۔ وزارت نے کہا ہے کہ اِس توسیع شدہ مدت کے دوران عازمین حج کو بکنگ کا عمل مکمل کرنا ہوگا، اپنے درست پاسپورٹ حج کمیٹی آف انڈیا یا متعلقہ حج گروپ کے منتظمین کے پاس جمع کرانے ہوں گے اور مقررہ وقت کے اندر Nusuk پورٹل پر کامیاب بورڈنگ کو یقینی بنانا ہوگا۔x

## PARADE-REHERSALS

77 ویں یوم جمہوریہ کی پریڈ کیلئے نئی دلّی کے کرتویہ پتھ پر ریہرسل کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔ 26 جنوری پر قومی تقریبات کیلئے تیاریوں کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ مسلح افواج اور سکیورٹی فورسز کے دستے ریہرسل میں شرکت کررہے ہیں۔ وہ بینڈ کی دُھنوں کے ساتھ پریڈ کررہے ہیں۔x

**SHAH-KITE FESTIVAL**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج نئی دلّی میں تیسرے بین الاقوامی پتنگ فیسٹول کا افتتاح کریں گے۔ یہ فیسٹول Baansera پارک میں ہوگا۔ دلّی کے لیفٹیننٹ گورنر وِنے کمار سکسینہ اس پروگرام میں مہمان اعزازی ہوں گے۔ دلّی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا بھی اس میں شرکت کریں گی۔ اس فیسٹول کا انعقاد DDA کی جانب سے کیا جارہا ہے، اس کا مقصد ثقافتی سرگرمیوں اور عوامی شمولیت کو فروغ دینا ہے۔ امکان ہے کہ اس پتنگ فیسٹول میں بڑی تعداد میں لوگ شامل ہوں گے۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے صبح کے اوقات میں دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، پنجاب، اتراکھنڈ اور اترپردیش میں گھنے سے بہت گھنے کُہرے کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے آسام، میگھالیہ، بہار، ہماچل پردیش، جموں وکشمیر، لداخ، مغربی بنگال اور سکم میں بھی کہیں کہیں منگل تک گھنا کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی اور ہماچل پردیش میں آج موسم سرد رہے گا۔×

**UP-FOG**

اترپردیش کے بیشتر مقامات پر گہرے کہرے کی وجہ سے سڑک اور ریل ٹریفک متاثر ہوا ہے۔ شدید سردی کے تناظر میں کئی ضلعوں میں اسکول آج اور کل بند رہیں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ: V/C Shushil Chandra Tiwari

*ریاست میں کئی مقامات پر پارہ لگاتار نیچے آ رہا ہے اور شدید سردی کے حالات برقرار ہیں۔ کئی ضلعوں میں رات کا ٹمپریچر تین سے لے کر چھ ڈگری سیلسیس کے درمیان چل رہا ہے۔ گہرے کہرے کی وجہ سے خاص طور پر ریاست کے مغربی اور ترائی والے خطے میں ریل اور سڑک ٹریفک بری طرح متاثر ہوا ہے۔ طویل دوری کی ریل گاڑیاں کئی گھنٹے تاخیر سے چل رہی ہیں۔ سخت سردی سے بچوں کو بچانے کیلیے کئی ضلعوں میں اسکول آج اور کل بند رہیں گے۔ اِن میں بدایوں، بریلی، مظفر نگر، سنبھل، پیلی بھیت، سہارنپور، امروہہ اور بجنور شامل ہیں۔*

*لکھنؤ سے سشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں: شمیم عرفان*

**CRICKET-U-19 WORLD CUP**

مردوں کے ICC انڈر-19 کرکٹ عالمی کپ 2026 میں کل زمبابوے کے Bulawayo میں کوئینس اسپورٹس کلب

میں ٹورنامنٹ کے افتتاحی میچ میں بھارت نے ڈَک وَرتھ لوئس طریقہ کار کے تحت امریکہ کو 6 وکٹ سے ہرادیا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے امریکہ نے 35 اوور اور دو گیندوں میں محض 107 رن بنائے اور اُس کی پوری ٹیم آؤٹ ہوگئی۔ بھارت کیلئے Henil Patel نے پانچ وکٹ حاصل کئے۔ بارش کی وجہ سے میچ کو کم کرکے 37 اوورس کا کردیا گیا تھا اور بھارت کو 96 رن کا نشانہ ملا تھا۔ اسی مقام پر گروپ اے کے اپنے دوسرے میچ میں کل بھارت کا مقابلہ بنگلہ دیش سے ہوگا۔×

**BADMINTON-INDIA OPEN**

آج نئی دلّی میں انڈین اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں بھارت کے لکشیہ سین کا مقابلہ چینی تائی پے کے Lin Chun-yi سے ہوگا۔ اس سے قبل پری کوارٹر فائنل میں لکشیہ سین نے جاپان کے Kenta Nishimoto کو سیدھے سیٹوں میں اکیس-اُنیس، اکیس-دَس سے ہرایا تھا۔سین نے اچھے کھیل کا مظاہرہ کیا اور وہ سنگلز میں آگلے دور میں پہنچنے والے واحد بھارتی کھلاڑی ہیں۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... ارجمندعلی خان

شکریہ - شگفتہ یاسمین

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے متفرق خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ ہندوستان ایکسپریس، انقلاب اور پرتاپ نے پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس کے سینٹرل ہال میں دولت مشترکہ کے اسپیکروں اور پریزائیڈنگ افسران سے خطاب کے دوران وزیراعظم کے اس بیان کو خصوصی اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے، کہ ''ہماری جمہوریت تناور درخت کی مانند، تنوع اس کی سب سے بڑی طاقت ہے۔'' آرمی ڈے کے موقع پر صدر جمہوریہ مرمو، وزیراعظم مودی اور راج ناتھ سنگھ کی جانب سے بہادر جوانوں اور ان کے اہل خانہ کو مبارکباد پیش کرنے کی خبر روزنامہ پرتاپ کے صفحۂ اول کی اہم خبروں میں شامل ہے۔ تیسری سہ ماہی میں برآمدات کے مسلسل تیار ریکارڈ قائم کرنے کی خبر کو ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ نے دیگر خبروں کے ساتھ نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

بھارت-امریکہ وسیع تجارتی معاہدے کی جانب گامزن، مرکزی تجارتی سکریٹری راجیش اگروال نے کہا کہ مثبت نتیجے کی امید ہے، اس خبر کو روزنامہ انقلاب نے دیگر قومی خبروں کے ساتھ جگہ دی ہے۔ ای ڈی کے افسران کے خلاف درج ایف آئی آر پر سپریم کورٹ نے روک لگائی، اس خبر کو انقلاب اور ہندوستان ایکسپریس نے صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ ہندوستان ایکسپریس

کی سرخی ہے ''ممتابنرجی، بنگال کے DGP ودیگر کو عدالت عظمیٰ کانوٹس۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس نے اپنے AI چیٹ بوٹ گروک کیلئے نئے حفاظتی اقدامات متعارف کرانے کی خبر گروک اے آئی کے قواعد میں سختی، نامناسب تصاویر پر پابندی کو بھی شہ سرخی کے ساتھ پیش کیا ہے۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی اسٹارٹ اپ انڈیا پہل کو 10 سال مکمل ہونے کے موقع پر آج نئی دلی میں ایک پروگرام میں شرکت کریں گے۔

2- انتخابی کمیشن نے گوا، لکشدیپ، راجستھان، پدوچیری اور مغربی بنگال میں ووٹر فہرستوں پر خصوصی جامع نظرِ ثانی SIR عمل کیلئے وقت کی حد اِس مہینے کی 19 تاریخ تک بڑھادی ہے۔

3- بھارتی ساحلی محافظ دستے نے بحیرۂ عرب میں بھارت کی آبی حدود کے اندر پاکستان کی ایک کشتی کو عملے کے 9 اہلکاروں کے ساتھ ضبط کیا ہے۔

4- تل ابیب میں بھارتی سفارتخانے نے ایک ایڈوائزری جاری کرکے بھارتی شہریوں سے کہا ہے کہ وہ اسرائیل کا غیر ضروری سفر کرنے سے گریز کریں۔

5- اقلیتوں کے امور سے متعلق وزارت نے سفرِ حج پر جانے سے متعلق ضروری ضابطے کی کارروائی مکمل کرنے کی تاریخ میں 25 جنوری تک توسیع کی ہے۔

6- اور: کرکٹ میں 19 سال تک کی عمر کے کھلاڑیوں کے ICC ورلڈ کپ میں بھارت نے امریکہ کو 6 وکٹ سے ہرا دیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---